# رینجر کے ضابطہ اخلاق کا مسودہ

رینجر کی پیشہ ورانہ مہارت کو فروغ دینے کا ایک نیا ضابطہ اخلاق
تعاون ، اور زیادہ موثر اور محض تحفظ کے لئے قیادت

ورژن 1.0












## قصد

رینجر کے پیشے سے منسلک افراد کے لیے مضبوط اصولوں کی ضرورت ہے جو کے ان کے رویے کی رہنمائی اور ان کی ساکھ کی بہتر بنانے کے لئے. مشعل راہ کے طور پرکام کرے ۔ اس مشق کا مقصد» رینجر» کی اصطلاح کی بنیادی تعریف فراہم کرنا اور رینجر کے پیشے سے وابسطہافراد کے لیے ضابطۂ اخلاق فراہم کرنا ہے. یہ ضابطہ اخلاق عالمی سطھ پر منعقد کردہ ورلڈ رینجر کانگریس، چتوان ۹۱۰۲کی قرارداد کے اعلامیہ میں کی جانے والی درخواست کے نتیجے میں مرتب کیا گیا ہے۔ پوری دنیا میں اس وقت پر اس وقت رینجر کے پیشے سے منسلک افراد کے لیے کوئی ضابطہ اخلاق راءج نہیں ہیں.

## ارادہ استعمال

یہ ضابطہ اخلاق اور رینجرز کی اقدار متاثر کن دستاویزات ہیں جو رینجرز کو متاثر کریں گی۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ رینجرز ان اقدار کو برقرار رکھنے اور ضابطہ اخلاق کے پابند ہونے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

اس مشق کا مقصد رینجر کے پیشے سے منسلک رضامند اداروں اور گروپ اس ضابطہ اخلاق فراہم کرنا ہے جس پر وہ ضروری ترامیم کے بعداس پر عمل درآمد کر سکیں۔ رینجر کی رہنمائی پر مشتمل یہ اصول ان کو اپنے مقامی ضابطہ اخلاق بنانے اور اپنانے میں بھی مدد فراہم کریں گےیہ تعریف یا ضابطہ اخلاق قانونی طور پر لاگو کردہ نہیں ہیں.

## ضابطہ اخلاق کی تیاری کا عمل

یہ دستاویز بین الاقوامی رینجر فیڈریشن (IRF) نے ۰۲۰۲ میں رینجرز ، رینجر ایسوسی ایشنز ، رینجر بھرتی کرنے والے اداروں ، قومی اور علاقائی سرکاری اداروں ، انسانی حقوق کی تنظیموں اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ عالمی مشاورت کے عمل کے بعد تیار کی تھی۔ پہلے مشاورتی عمل میں ۱۵ ممالک کی طرف سے ۷۷۱ جوابات سامنے آئے تھے ، جن میں ٣٦٦ افراد کی آراء شامل تھیں ، جبکہ دوسرے مشاورتی مرحلے میں ١٤ ممالک سے ٠٢٦ جوابات موصول ہوئے جن میں ۷۵۱،۱ افراد کی آراء شامل تھیں ۔مصنفین نے تمام آراء اور ردعمل جمع کیا ، ان ترجمہ کیا ،اور جائزہ کے نعد ان کو مسودے کے آءندہ ریکارڈوں میں شمولیت کے لئے نوٹ کیا شیا۔ اس پورے عمل کے دوران ہونے والی پیشرفتوں کے بارے میں ایک علیحدہ تفصیلی رپورٹ تیار کی گئی ہے۔

یہ ضابطہ اخلاق کی IRF طرف سے تیار کردہ مفت طور پر دستیاب نمونے کے طور پر دستیاب ہیں۔ ان ٹیمپلیٹس کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔ کسی بھی تبصرے یا تجویز کردہ تدوین کو اس ای میل ایڈریس پر بھجیں **president@internationalrangers.org**

یہ ڈرافٹ ٥٢١ قومی اور علاقائی سطح پر دستیاب مثال دستاویزات کے جازے سے تیار کیا گیا ہے. ہم چاہتے ہیں کہ ان تعریفیں اور ضابطہ اخلاق کو رینجرز ہی مل کر رینجرز کے لئے تیار کریں۔جس کے لیے ہم مقامی، قومی اور ریجنل سطح پر رینجرز گروپز کے ساتھ اس مسودے کا جائزہ لیں گے۔اس عمل کے دوران رینجر ز کو اپنی رائے فراہم کرنے کے کافی مواقع ملیں گے۔ اس مسودے کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ رینجرر کو اپنی رائے فراہم کرنے کا موقع مل سکے۔. جائزہ لینے کا عمل کئی زبانوں میں منعقد کیا جائے گا ۔ اس مسودے کے پہلے جائزے کے بعد ہم اسی ضابطہ اخلاق کی ایک مختصر دستاویز بتیار کریں گے.

**مندرجہ ذیل افراد نے اس تحقیق ، مسودہ تیار کرنے ، مشاورت اور تدوین میں تکنیکی معاونت فراہم کی گئی تھی**

کرس گورڈن ، کنزرویشن الفا
کرس گیلیرس ، انٹرنیشنل رینجر فیڈریشن
روہت سنگھ ، ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر
مائیک آپیلٹن ورلڈ کمیشن برائے محفوظ علاقوں اور عالمی وائلڈ لائف کنزرویشن IUCN
روبن ڈی کوک ، آزادانہ طور پر کام کرنے والے رینجر ٹرینر

**مندرجہ ذیل افراد نے علاقائی/ ریجنل سطح پر معلومات اکٹھا کرنے میں معاونت فراہم کی**

ا جولیا گومیز (ارجنٹائن / جنوبی امریکہ)
ریناٹا کاو (میکسیکو / جنوبی امریکہ)
لیونیل پریرا (کوسٹا ریکا / جنوبی امریکہ)
ورنر مونٹویا (پیرو / جنوبی امریکہ) ،
کریگ ہی (جنوبی افریقہ / افریقہ)
ڈریو میکوی (کینیا / افریقہ)
ایلین اونونینو (کیمرون / افریقہ)
امون کوٹوا (آئیوری کوسٹ / افریقہ)
دیوکار چاپاگین (نیپال / ایشیا)
جویدیپ بوس (ہندوستان / ایشیا)
کرسپیئن بارلو (لاؤس / ایشیاء)

**حوالہ**

International Ranger Federation (2021). Ranger Code of Conduct. Version 1.0. International Ranger Federation, Victoria, Australia

# مشمولات

پیش لفظ ........ 4
اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کے دفتر سے ان کا پیغام ........ 5
رینجر› کی تعریف ........ 6
رینجرز کی اقدار ........ 7
ضابطہ اخلاق ........ 8
ضمیمہ: اصطلاحات ........ 10



Rangers doing fire management in Brazil © Day's Edge Productions / WWF-US

# پیش لفظ

دوسری عالمی رینجر کانگریس (سان جوسے ، کوسٹا ریکا ۷۹۹۱) کے دوران انٹرنیشنل رینجر فیڈریشن (IRF) نے ایک ضابطہ اخلاق کی ضرورت کا تعین کیا جو عالمی رینجر شعبے کی خدمت کرسکتا ہے۔ اگرچہ اس ضابطہ اخلاق کو تیار کیا گیا تھا ، لیکن اس کو کبھی اس طرح سے نہیں اجاگر نہیں کیا گیا اور استعمال کیا گیاجیسے کہ ہم چاہتے ہیں کہ نیا ضابطہ اخلاق استعمال کیا جائے۔ رینجرز کے کام کو پیشہ ورانہ بنانے کی ضرورت کے پیش نظر اور چٹوان اعلامیہ (۹۱۰۲) میں کی گئ درخواست کے نتائج کے طور پر ، IRF نے ، یونیورسل رینجر سپورٹ الائنس (URSA) کے ممبران کی مدد سے ، رینجر کے لیے اس نئے عالمی ضابطہ اخلاق کو مرتب کیا۔

چھ ماہ جاری رہنے والے عمل کے بعد ، پوری دنیا کے رینجرز سے حاصل ہونے والی آراہ اور معلومات کے ساتھ ، ہمیں یقین ہے کہ یہ عالمی رینجر ضابطہ اخلاق وہ مسودہ بن چکا ہے جسے رینجرز نے رینجرز کے لئے تیار کیا ہے۔ جسے علاقائی اور قومی سیاق و سباق کے مطابق ڈھالنے کے دعد اپنا لیا جائے گا۔ اس سے رینجر پیشے کی بنیادی اقدار اور عقائد کو بہتر بنانے میں مدد دے گا جو ایک فرد رینجر،اس کے آجر یا مالی امداد دینے والی تنظیم کے معیارات اور طرز عمل کی ذمہ داریوں یا مناسب طریقوں کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ یہ ایک زندہ دستاویز رہے گی جسے آئی آر ایف (IRF) کسی بھی موصولہ آراہ کو سالانہ جائزہ لینے کے بعد بہتر بناتا رہے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ متعلقہ ہے

**کرس گیلیرز**

**صدربین الاقوامی رینجر فیڈریشن**

IUCN ورلڈ کمیشن آن پروٹیکٹ ایریاز رینجرز کے لئے اس نئے ضابطہ اخلاق اور اس کو ترتیب دینے کے لئے عالمی سطح پر رونما ہونے والے وسیع مشاورت کے عمل کا خیرمقدم کرتا ہے۔

اس ضابطہ اخلاق کے قائم کردہ یہ مشترکہ اقدار اوراصول دنیا بھر میں رینجرز کو متحد کرنے میں مدد کریں گے اور ان کی پہچان ذمہ دار ، جوابدہ اور قابل احترام افراد اور ٹیموں کی حیثیت سےبڑھاہیں گے ، جو فطرت کے تحفظ اور لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے صف اول میں کام کر رہے ہیں

**ڈاکٹر کیتھی میک کینن**

**چیئرپرسن**

**آِئی یو سی این ورلڈ کمیشن برائے محفوظ علاقہ جات .**

**کوڈ کے کلیدی مقاصد**

اس شعبے کی ساکھ اور تفہیم کو مضبوط اور بہتر بنانا۔

رینجرز اور پیشے کے حامیوں کے لئے آپریشنل فریم ورک فراہم کرنا۔

بہتر فیصلے کرنے میں رینجرز ، رینجر آجروں اور م حامیوں کی رہنمائی کرنے میں مدد کرنا۔

عالمی سطح پر قبول شدہ بہترین طریقوں کے نفاذ کو فروغ دینا اور قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے رینجرز کی روک تھام میں معاونت۔



Rangers take a brief rest on patrol, DRC © Chris Gordon/ Conservation Alpha

# اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کے دفتر سے ان کا پیغام

انسانی حقوق کا احترام اور حیاتیاتی تنوع کے بچاءو کے لیے تحفظ تدابیر باہمی تقویت بخش ہیں۔ حیاتیاتی تنوع کا تحفظ انسانی حقوق کے احترام کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا اور اسی طرح ، انسانی حقوق سے بھرپور لطف اٹھانا ہمارے ماحولیاتی نظام اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ پر منحصر ہے۔ وائلڈ لائف رینجرز کا ماحولیاتی تحفظ کے کارکنان اور مقامی آبادیوں مابین اعتماد کےخلاء کو دور کرنے میں اہم کردار ہے۔ اس تناظر میں ، وائلڈ لائف رینجرز کے لئے ایک ماڈل ضابطہ اخلاق کا مرتب ہونا بہت خوش آئند ہے۔ یہ ضابطہ اخلاق وائلڈ لائف رینجرز کے کام کو ادارتی شکل میں ڈھالنے اور پیشہ ورانہ بنانے میں مدد دے گا۔ یہ ضابطہ اخلاق موجودہ پالیسیوں اور رہنمائی کو مزید بہتر بنانے میں معاون ہوگا ، اور وائلڈ لائف رینجر اداروں کو ایک ایسا فریم ورک فراہم کرے گا جس میں اقدار اور رینجرز کے مناسب طرز عمل کا خاکہ پیش کیا گیا ہے ، بشمول انسانی حقوق۔ یہ ضابطہ اخلاق کو بنیادی پالیسی دستاویز کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے جو بین الاقوامی اور قومی انسانی حقوق کے تحفظ سے متعلق طریقوں اور قوانین میں بیان کردہ ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ انسانی حقوق کی ذمہ داریوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے وائلڈ لائف رینجرکے پیشہ ورانہ فرائض کو آسان الفاظ میں بتاتا ہے۔ اسے وائلڈ لائف رینجر کے تربیتی فریم ورک کا مرکزی حصہ بنانا چاہئے۔تاہم یہ بات اہم ہے کہ اس ماڈل کوڈ آف ٹیلرگ کو اپنانا مشاورتی عمل کا ایک حصہ ہے جس میں وائلڈ لائف رینجرز اور شراکت داروں کا شامل ہونا ضروری ہے تاکہ ان کی مطابقت اور مقامی ملکیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

تاہم ضابطہ اخلاق کو اپنانے سے وائلڈ لائف رینجرز کی رہنمائی کرنے کے لئے ضروری ادارہ جاتی پالیسی کا فریم ورک تیار نہیں ہوگا۔ اس ضابطہ اخلاق کو عملی طور پر ان علاقوں کے لئے زیادہ تفصیلی رہنمائی کے ساتھ بڑھایا جانا چاہئے جہاں وائلڈ لائف رینجرز قانون کے نفاذ کے لئے خصوصی اختیارات رکھتے ہیں جیسے طاقت کا استعمال اور نظربندی۔ ان علاقوں کے لئے مخصوص -معیاری آپریٹنگ طریقہ کار کی تشکیل ضروری ہے۔

اس ضابطہ اخلاق کو عملی شکل دینے اور ان کی تکمیل کےلیے احتساب کے وسیع تر نظام کی موجودگی کو یقینی بنانا ضروری ہے جس میں داخلی اور بیرونی چیک اور بیلنس بھی شامل ہوں۔ اس طرح کا نظام وائلڈ لائف رینجرز کو قومی اور بین الاقوامی قانون اور پیشہ ورانہ مہارت اور سالمیت کے اعلی معیار کے مطابق اپنے فرائض کی انجام دہی میں رہنمائی کرنے میں مدد دے گا۔ ادارہ جاتی احتساب کا ایک اہم عنصر یہ ہے کہ سپرواءزر کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ وائلڈ لائف رینجرز ان کے اقدامات بشمول انسانی حقوق سے متعلقہ کے بارے میں پوری طرح سے جوابدہ ہوں ۔ اس ضابطہ اخلاق کو ادارے اندرونی نظم و ضبطی نظام سے جوڑنا چاہئے۔ کچھ حالات میں ، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی نہ صرف کسی ادارے کی داخلی پالیسیوں کی خلاف ورزی کرتی ہے بلکہ قومی اور بین الاقوامی قانون کی بھی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ ایسے معاملات میں ، رینجرز کے ادارے کا مبینہ جرم کی تحقیقات کے لئے پراسیکیوٹرز یا دیگر بیرونی احتساب کے طریقہ کار کے ساتھ تعاون کرنا ضروری ہو گا۔ اس ضابطہ اخلاق میں طے شدہ پیشہ ورانہ معیار کی پاسداری کو ہر رینجر کے انفرادی کارکردگی کے جاءزے میں پہچانا جانا چاہئے۔ اس ضابطہ اخلاق اور دیگر حقوق انسانی کے معیار کے مطابق انسانی حقوق کی تعمیل بھی کیریئر میں ترقی کے لئے ایک شرط ہونا چاہئے۔

مزید براں اس ضابطہ اخلاق کی پیروی کے ساتھ ساتھ دیگر حقوق انسانی کے اجترام اور پیروی بھی کیریئر میں ترقی کے لئے ایک شرط ہونا چاہئے۔

اس کے لیے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کا دفتر جنگلی حیات کے رینجر اداروں کومدمد اور مشاورت فراہم کرنے کے لئے تیار ہے کہ وہ کس طرح اپنے کام کے دوران انسانی حقوق کا احترام ، تحفظ اور ان کو یقینی بنائیں ۔

**جوبن اوہاگن**
**ہیومن رائٹس آفیسر**
**عالمی پالیسیاں اور سیکیورٹی فورسز کی ٹیم کا طریقہ کار ، تعلیم اور تربیت سیکشن آفس ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق**

# رینجر، کی تعریف

عالمی سطح پر استعمال کے بہت سے عنوانات استعمال ہورہے ہیں ، ان سبھی کی وضاحت «رینجر» کی اصطلاح کے مطابق ہے۔ ہم نے متعدد اضافی عنوانات کی شناخت کی ہے ، جن کا نام ضمیمہ میں درج ہے۔ اس دستاویز کے لئے رینجر کی اصطلاح کسی بھی متعلقہ ورکنگ ٹائٹل کا حوالہ دینے کے لئے استعمال ہوگی۔

قدرتی ماحول کے تحفظ میں رینجرز کا اہم کردار ہے۔ وہ فطرت ، اور ثقافتی اور تاریخی ورثے کے تحفظ اور موجودہ اور آئندہ نسلوں کے حقوق اور فلاح و بہبود کے ذمہ دار ہیں.

رینجرز ایک ذمہ دار اتھارٹی ، تنظیم یا برادری کے نمائندوں کی حیثیت سے ، قانونی اور ادارہ جاتی فریم ورک کے مطابق ، ریاست ، علاقائی ، مقامی ، یا نجی ، چاہے ، ریاست اور علاقائی ، فرقہ وارانہ ، مقامی ، یا نجی ، چاہے وہ وسیع ادوار کے لئے ، خشکی اور آبی حیات اور ان کے کےتحفظ کے لیے مختص کردہ علاقوں میں اکثر کام کرتے ہیں۔ انہیں ہمیشہ پیشہ ورانہ انداز میں کام کرنا چاہئے۔

**رینجرز کا کام خدمات کا ایک مجموعہ ہ ، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتے ہیں:**

جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے مختص کردہ محفوظ علاقوں اور وسیع و عریض زمینی اور سمندری علاقوں میں قدرتی اور ثقافتی اقدار کی حفاظت ، تحفظ اور بحالی کرنا

متعلقہ قوانین کا نفاذ اور تعمیل کو یقینی بنانا ، علاقے کی سالمیت کو برقرار رکھنا ، اورسیاحوں کی معاونت

مقامی آبادیوں اور جنگلی حیات کے لئے ایک محفوظ اور متوازن ماحول کو برقرار رکھن

اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اعتماد اور احترام ، بات چیت اورمثبت تعلقات کو فروغ دینا اور برقرار رکھنا

مقامی لوگوں اور مقامی کمیونٹیز کو بااختیار بنانا ، تعاون کرنا ، ان کی شمولیت کو یقینی بنانا

مقامی لوگوں ، سیاحوں ، نوجوان نسل کو ماحولیاتی تعلیم اور آگاہی فراہم کرنا

جنگلی حیات اوران کے قدرتی مساکن اور اس کت ساتھ ساتھ ثقافتی اور تاریخی اہمیت کی جگہوں کے بارے میں تحقیق اور نگرانی کرنا

حولیاتی خطرات کے بچاؤ کا نظم و نسق اور ہنگامی صورتحال کے دوران امداد فراہم کرنا







Photos (from top to bottom): Setting up forest camera traps, Thailand © Panthera; Patrolling marine protected areas, Thailand © Panthera; Game Ranger helps a white rhino during treatment, South Africa © Chris Galliers

# رینجرز کی اقدار

## قدرتی اور ثقافتی اقدار

انسانی زندگی اور فلاح و بہبود فطرت سے منسلک ہے. رینجرز اپنے کام کے دوران قدرتی علاقوں کی قدرتی اقدار کا تحفظ اور احترام کو یقینی بناتے ہیں اور دوسروں کو ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ رینجرز سمجھتے ہیں کہ آندہ آنے والی نسلوں کو فطرت سے فائدہ اٹھانے کا برابر حق حاصل رہے ۔

## اصول اور احتساب

رینجرز اپنے فرائض قوانین ، وضع کردہ طریقوں اورمروجہ ہدایات کے تحت انجام دینے ہیں۔ رینجرز اپنے افعال کی ذمہ داری لیتے ہیں اور اپنے کام کی شفافیت کے لیے جوابدہ ہیں۔رینجرز کو انسانی حقوق اور اخلاقی اصولوں پر عمل پیرا ہونا چاہئے۔ وہ کرپٹ نہیں ہیں اور انہیں انصاف ، غیرجانبداری اور رواداری کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔ انہیں امتیازی سلوک ،اختیارات کے غلط استعمال ، دھمکانا یا ہراساں نہیں کرنا چاہئے۔ رینجرز برصنف ، عمر ، قابلیت ، نسل ، سماجی و معاشی یا نسلی حیثیت ، جنسی رجحان اور مذہبی عقائد سے بالا تر ہو کر ہر کسی کا احترام کرتے ہیں ۔

رینجرز کو قابل اطلاق قوانین ، پیشہ ورانہ معیار ، اقدار اور رہنما اصولوں کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔ وہ اپنے اعمال کے لئے جوابدہ ہیں اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں شفاف ہیں

## مہارت

رینجرز کو چاہئے کہ وہ ایک مثبت ، فعال رویہ دکھائیں اور دوستانہ ، شائستہ ، پیشہ ورانہ اور ذمہ دارانہ سلوک کریں۔ انہیں ایماندار ، سچے ، قابل اعتماد اور شائستہ ہونے چاہیے۔ انہیں ایمانداری کے ساتھ کام کرنا چاہئے اور اپنے منصب کا غلط استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ انہیں غلطیوں کا اعتراف کرنا چاہئے اور ان کو درست کرنا چاہئے۔ وہ اپنی تنظیم کے لئے ایک کریڈٹ ہیں ، چاہے وہ ڈیوٹی پر ہوں یا آف ہوں۔

رینجرز کو قابل اور ورسٹائل ہونا چاہئے ، اور اپنے علم اور صلاحیتوں کو فطرت کے تحفظ اور اس پر منحصر لوگوں کی حفاظت میں مدد کے لیے استعمال کرنا چاہئے۔ انہیں اپنے علم اور مہارت کو مستقل طور پر ترقی دینے کا ارادہ کرنا چاہئے اور ان کو ساتھیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بانٹنا چاہے

## تعاون ، وفاداری اور موئثر قیادت

ٹیم ورک اور تعاون کے ذریعہ رینجر افرادی قوت زیادہ موثر ہے۔ رینجرز کو ان کے ساتھیوں اور ان کے سینئرز ، ان کی تنظیموں اور برادریوں کے ساتھ نظم و ضبط اور وفادار رہنا چاہئے ، جن کی وہ خدمت کرتے ہیں ، اور جب تک یہ ان کی سالمیت میں سمجھوتہ نہ کریں ، یا دوسرے منفی اثرات کا باعث نہ ہوں۔

رینجرز اور ان کے اداروں کو رینجر اقدار کو برقرار رکھتے ہوئے ساتھیوں اور دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے ، مثال کے طور پر ، سب کے ساتھ یکساں سلوک کرنا ، ان کی حمایت اور رہنمائی کرنا ، اور ان اقدار کے مطابق تنظیمی ثقافت کو تشکیل دینے کے لئے کھلی اور موثر بات چیت کو قابل بنانا۔

رینجرز ، رہنماؤں اور اداروں کو اپنے ساتھیوں اور عملے کو رینجر کے اقدار کو برقرار رکھنے کی طرف سے حوصلہ افزائی کرنا ضروری ہے ، مثال کے طور پر سب کو یکساں طور پر عزت دینا، معاونت اور رہنمائی فراہم کرنا، اور ان اقدار کے لئے ایک تنظیمی ثقافت کو تخلیق کرنے کے لئے مؤثر اقدام کرنا.

## احترام

رینجرز عوام ، ساتھیوں اوراپنے سینیرز کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہیں۔وہ مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مثبت تعلقات کو برقرار رکھنے ہیں اور ان کی ثقافت، روایات ، معلومات اور قدرتی ماحول منحصر روزگار کا احترام کرتے ہیں۔ رینجرز کو چاہئیے کہ وہ مہیا کی گئی معلومات کو احترام اور راز داری کے ساتھ رکھیں اور جب تک ضروری نہ ہو اسے ظاہر نہ کریں ۔

## حفاظت

رینجرز کو اپنی حفاظت ، اور دوسروں کی حفاظت کا خیال رکھنا چاہیے اور غیر ضروری خطرہ مول نہیں لینا چاہئے۔ رینجرز اپنے آپ ، ان کے ساتھیوں ، اور تنظیم کی حفاظت کے لئے آپریشنل سیکیورٹی کو برقرار رکھتے ہیں

## صبر و تحمل

رینجرز خطرے ، تنقید ، یا خطرات کے باوجود ان کے فرائض بہادری سے سرانجام دیتے ہیں۔ . رینجرز اپنے ساتھیوں، اپنے کی ان اقدار اور ضابطہ اخلاق سے متصادم چیزوں کو مناسب طریقے سے حل کرتے ہیں۔

وہ اپنے پیشے میں جنگلی حیات ،ماحول ، ان کے پیشے اور تحفظ کے سفیر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ عموما ، وہ فطرت کا «چہرہ» ہوتے ہیں۔ انہیں اپنے پیشہ پر فخر ہونا چاہیے اور جذبے سے سرشار ہو کر ، اور فطرت کے تحفظ اور ان لوگوں کی مدد کے لیے تےار رہنا چاہیے۔

رینجرز کو مندرجہ ذیل اقدار کے مطابق اپنے فرائض انجام دینا چاہئے

# ضابطہ اخلاق

## برائے مہربانی نوٹ کریں

آئین کے مطابق یہ ضابطہ اخلاق فیوچر ٹینس میں لکھا گیا ہے تاکہ ضابطہ اخلاق کے مطابق خود سے چلنے کے عہد سے متعلق عزم کو دھرایا جا سکے ۔ یہ ضابطہ اخلاق رینجرز کو اپنے کام کی مہارت کی بلندی حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ کوڈ تمام رینجر کے تمام کرداروں کو سامنے رکھ کر لکھا گیا ہے. جس وجہ سے کچھ حصے آپ سے غیر متعلق ہو سکتے ہیں. رینجر گروپ غیر متعلقہ حصوں کو ہٹانے کے لئے اس کوڈ کو اپنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ، بہت سے رینجرز آتشیں اسلحہ نہیں رکھتے چناچہ اس حصے کو ختم کیا جاسکتا ہے۔

## میں خود سے درج ذیل ضابطہ اخلاق کو برقرار رکھنے کا عہد کرتا ہوں

ایک رینجر کی حیثیت سے میرا فطرت اور ثقافتی ورثے کے تحفظ اور تحفظ میں میرا ایک اہم کردار ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ ، میرا کام آج اور آنے والی نسلوں سمیت سب کو فائدہ دے گا ۔ اپنے پیشے کے سفیر کی حیثیت سے ، میں رینجر اقدار کی پیروی کروں گا ، اپنے پیشے کا احترام کروں گا اور قابل اطلاق قوانین ، پیشہ ورانہ معیارات ، اور رہنما اصولوں کو ہر وقت برقرار رکھوں گا۔

## پشہ ورانہ مہارت

۔ میں ایک زمہ دارپروفیشنل ہوں اور اپنے رینجرہونے پر فخر کرتا ہوں ۔ میں مجھ سے سینئرز سینیرز کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آؤں گا میں نے ہمیشہ اپنے فرائض کے لیے بہترین صلاحیت بروئے کار لاؤں گا۔ میں اس بات کو یقینی بنائوں گا کہ میں اپنے فرائض اور مجھے دی گئی کوئی ہدایات کو سمجھوں۔ میں ہمیشہ اپنے علم اور صلاحیت کو بڑھانے کی اور اسے اپنے کام میں لاگو کرنے کی کوشش کروں گا۔ میں اپنے اعمال کی ذمہ داری لوں گا ، اور مشکل حالات میں بھی ایمانداری ، دیانتداری ، اور مثبت رویہ کے ساتھ کام کروں گا۔ ایک ٹیم کے حصے کے طور پر ، میں اپنے ساتھیوں ، اپنی تنظیم اور ماحولیات اور کمیونٹیز سے وفادار رہوں گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری کوئی بھی غیر پیشہ ورانہ حرکت مجھ ، میرے ساتھیوں اور میری تنظیم کی حفاظت اور ساکھ کو خطرہ میں ڈال سکتیہے۔

میرا رویہ احترام آمیز اور پروفیشنل ہو گا۔ مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مثبت تعلقات کو برقرار رکھنا ہوں اور ان کی ثقافت، روایات ، معلومات اور قدرتی ماحول منحصر روزگار کا احترام کروں گا۔ اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ اعتماد کو بڑھانے کے لئے پوری کوشش کروں گامیں اپنی تنظیم کے یکساں ضابطہ کی پاسداری کروں گا اور تنظیمی وسائل اور اثاثوں کے موثر استعمال کو یقینی بناؤں گا

## انسانی حقوق اور وقار کی پاسداری

میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے کے مطابق انسانی وقار اور حقوق کا احترام کروں گا ا۔ میں اقربا پروری یا حق پسندی کے بغیر ہر ایک کے ساتھ برابری اور غیرجانبداری کے ساتھ برتاؤ کروں گا۔ میں جسمانی یا زبانی طور پر کسی بھی حالت میں لوگوں کے ساتھ امتیازی سلوک ، ہراساں کرنے یا ان کے ساتھ بد سلوکی نہیں کروں گا۔ میں صنف ، عمر ، صلاحیت ، نسل ، سماجی و اقتصادی یا نسلی حیثیت ، جنسی رجحان ، اور عقائد سے بالاتر ہو کر سب کا احترام کروں گا۔ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی برداشت نہیں کرتا اور متعلقہ حکام کو کسی بھی خلاف ورزی یا غلط کام کی اطلاع دوں گا۔

## سالمیت اور شفافیت

میں ان حالات سے بچوں گا جن میں ذاتی ، برادری یا دیگر مفادات میرے فرائض سے متصادم ہوں ، اور اگر ایسا ہوا تو ان کو ڈکلئیر کردوں گا۔ میں فوائد ، احسانات یا دیگر فوائد کو قبول یا پیش نہیں کروں گا جو میرے کردار سے سمجھوتہ کریں گے۔ میں جرائم نہیں کروں گا اور نہ ہی غیرقانونی سلوک میں شریک ہوں گا۔ ترجیحی سلوک ، معلومات حاصل کرنے یا مجرمانہ سرگرمی کو نظرانداز کرنے یا ان سے فائدہ اٹھانے کیلئے رشوت سمیت میں بدعنوانی کی بھرپور مخالفت کروں گا۔ میں ایسی کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دوں گا۔

## قانونی حیثیت

میں اپنے فرائض قوانین ، وضع کردہ طریقوں اورمروجہ ہدایات کے تحت انجام دیتا اور ان کی پاسداری کرتا رہوں گا۔ میں صرف جائز احکامات اور ہدایات دوں گا اور اس پر عمل کروں گا۔ اپنی پوری صلاحیت کے مطابق ، میں قوانین اور ضوابط کی کسی بھی خلاف ورزی کی روک تھام کروں گا ، اور ان کو شدہ طریقہ کار اور اپنے اختیارات اور ذمہ داریوں کے مطابق حل کروں گا۔

## رازداری

میں غیر مجاز افراد کو اپنے کام سے متعلق کوئی حساس معلومات ظاہر نہیں کروں گا۔ میں صیغہ راز میں رکھی جانے والی معلومات سے متعلق تمام ہدایات پر عمل کروں گا جب تک کہ میرے فرائض یا انصاف کے حوالے سے استعمال کرنے کی ضرورت نہ ہو انہیں کسی کو فراہم نہیں کروں گا

## تحفظ

میرے تمام کاموں اپنی ، اپنے ساتھیوں ، مقامی آبادیوں اور سیاحوں اور قدرتی ماحول کے تحفظ کو مقدم رکھوں گا۔ میں اپنے فرائض انجام دینے کے لئے موزوں ہوں. میں دوران ڈیوٹی یا سرکاری وردی میں کبھی غیر قانونی اجزیء یا شراب کا استعمال نہیں کرتا

## اس ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ردعمل

اگر میری تنظیم یا ساتھی رینجر اقدار یا ضابطہ اخلاق سے متصادم ہیں تو ، میں قائم کردہ طریقہ کار کے بعد ، انہیں رپورٹ یا چیلنج ی کروں گا۔ میں اپنے ساتھیوں سے بھی اسی طرح کی توقع کرتا ہوں اگر میرے اقدامات اس ضابطہ اخلاق سے متصادم ہوں

**بطور ضرورت**-رینجرز اور قانون کے نفاذ کا کردار-
**- مندرجی ذیل صرف رہنمائی کے لئے شامل کیا ہے**
رینجرز کو ہمیشہ اقوام متحدہ کے اصولوں ، قومی قوانین اور اپنے تنظیمی اصولوں پر عمل کرنا چاہئے ۔

## طاقت کا استعمال

میرا بنیادی مقصد قوانین یا ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے طرز عمل کو تبدیل کرنا ہے۔ ۔ میں طاقت کا استعمال آخری حربے کے طور پر کروں گا۔ قانونی دائرے میں رہتے ہوئے طاقت کا استعمال کسی بھی صورت حال کو محفوظ بنانے کے لئے یہ کم سے کم سطح تک محدود ہو گا۔ جب میں قانون کے تحت اپنا فرض ادا کرتا ہوں۔ میں طاقت کے کسی بھی استعمال کے لئے ذمہ دار اور جوابدہ ہوں اور کسی بھی کارروائی سے قبل اس پر ضرور غور کروں گا۔

## افراد کی حفاظت

میں اپنی تحویل میں موجود افراد کے حقوق اور فلاح و بہبود کو یقینی بناؤں گا۔ میں لوگوں کو امتیازی بنیادوں پر تحویل میں نہیں لوں گا اور نہ ہی تشدد کا نشانہ بناؤں گا ۔

## آتشیں اسلحہ

میں اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ میں آتشیں اسلحے سے متعلق تمام قوانین اور طریقہ کار کو جانتا ہوں اور ان کا احترام کروں گا۔ مجھے قانونی طور پر کسی بھی آتشیں اسلحہ یا اسلحے کو میرے سپرد کرنے کی اجازت ملے گی ، اور میں صرف اپنے مینڈیٹ کے تحت کام کروں گا۔ میں اسے ہر وقت یا تو اپنے پاس رکھوں گا یا یہ یقینی بناؤں گا کہ وہ کسی محفوظ جگہ پر ہیں۔ مجھے اسلحہ کے محفوظ استعمال اور دیکھ بھال کی تربیت دی جانی چاہئے۔

میں آتشیں اسلحہ کا استعمال صرف جانوروں کے انتظام اور قابو پالنے کے لئے ، یا اپنے دفاع یا دوسروں کے دفاع میں ، جب موت یا شدید چوٹ کے خطرہ کا سامنا کرتےہوئے کروں گا۔ میں انسان کے خلاف آتشیں اسلحہ استعمال تب ہی کروں گا جب اس کا استعمال جان بچانے کے لئے سختی ضروری ہو گا ۔ میں اپنے آتشیں اسلحے کے ساتھ ہونے والی تمام کارروائیوں کے لئے جوابدہ ہوں اور اس سے کا استعمال آخری آپشن کے طور پر کروں گا۔

## حوالہ جات

رینجرز جن کے لیے قواعد و ضوابط یا معیاری آپریٹنگ طریقہ کار موجود نہیں ہیں ، ہم آپ کو طاقت اور آتشیں اسلحے کے استعمال سے متعلق اقوام متحدہ کے اصولوں کا حوالہ دیتے ہیں ، جس میں کم مہلک ہتھیاروں اور گولہ بارود بھی شامل ہے۔

**https://www.ohchr.org/en/professionalinterest/pages/useofforceandfirearms.aspx**

**https://www.ohchr.org/Documents/HRBodies/CCPR/LLW_Guidance.pdf**

and the UN International Human Rights standards for law enforcement:

**https://www.ohchr.org/Documents/Publications/training5Add1en.pdf**

# ضمیمہ: اصطلاحات

عالمی سطح پر رینجر کی اصطلاح استعمال کرنے کے  عالمی سطح پر بہت سے ٹائٹل موجود ہیں جو کہ رینجر کی اصطلاح پر پورا اترتے ہیں - ہم نے ذیل میں متعدد اضافی عنوانات کی نشاندہی کی ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ یہ فہرست مکمل نہیں ہے ، خاص طور پر غیر انگریزی عنوانات کے،

براہ کرم مزید کوئی ٹائٹل صدر کو اس ای میل ایڈریس پر بھجیں **president@internationalrangers.org**

اس کے علاوہ مندرجہ بالا اصلاحات بھی استعمال کی جاتی ہیں:
کمیونٹی گیم گارڈ؛ کمیونٹی رینجر؛ کمیونٹی اسکاؤٹ؛ کمیونٹی وائلڈ لائف اسکاؤٹ؛ کنزروانسی رینجر؛ کنزرویشن آفیسر؛ ماحولیات افسر؛ ماحولیاتی گارڈ؛ فیلڈ آفیسر؛ فیلڈ رینجر؛ جنگل محافظ؛ جنگل رینجر؛ فارورسٹر؛ جنگلات کا افسر؛ کھیل رینجر؛ کھیل سکاؤٹ؛ میرین پارک رینجر؛ میرین رینجر؛ نیشنل پارک گارڈ؛ نیشنل پارک رینجر؛ قدرتی محافظ؛ پارک گارڈ؛ پارک رینجر؛ رینجر؛ رینجر آفیسر؛ سکاؤٹ؛ گاؤں اسکاؤٹ؛ وارڈن؛ وائلڈ لائف گارڈ؛ وائلڈ لائف آفیسر؛ وائلڈ لائف رینجر؛ وائلڈ لائف اسکاؤٹ

| | |
|---|---|
| Bahasa: | Pemantau Hijau; Pengendali Ekosistem Hutan; Polisi Hutan; Polisi Kehutanan. |
| Czech Republic: | Strážce Přírody. |
| French: | Ecogarde; Forest Ecogarde. |
| German: | Naturwacht; Parkwächter; Reservatsaufseher; Schutzgebietsbetreuer; Waldmeister; Wildhüter. |
| Hindi: | Mahout. |
| Italian: | Guardia Forestale. |
| Malay: | Pengawal Keselamatan Hidupan Liar; Pengawal Keselamatan Hutan; Peronda Hutan. |
| Philippine: | Bantay Gubat; Bantay Dagat; Bantay Kalikasan. |
| Portuguese: | Vigilante da Natureza. |
| Slovak Republic: | Strážca Prírody. |
| Spanish: | Agente Medioambiental; Guardabosque; Guardafauna; Guardambientes; Guardaparamos; Guardaparque; Guardarecursos; Guardian del Ambiente; Guardianes de la Naturaleza; Vigilantes. |
| Swahili: | Askari. |
| Vietnamese: | Kiểm lâm. |

## اضافی عنوانات

رینجر؛ کیوریٹر؛ اکو مانیٹر؛ ہاتھی سنبھالنے والے؛ انفورسمنٹ رینجر؛ ماحولیات کے انتظام کے انسپکٹر؛ ماحولیات رینجر؛ ماحولیاتی ایجنٹ؛ ماحولیاتی تعمیل افسر؛ ماحولیاتی رہنما؛ ماحولیاتی آپریٹر؛ ماحولیاتی تحفظ ایجنٹ؛ ماحولیاتی محافظ؛ ایکسٹینشنسٹ پارک رینجر؛ فیلڈ سروس آفیسر؛ فیلڈ سپروائزر؛ فیلڈ ٹیکنیشن؛ فائر مینجمنٹ آفیسر؛ فائر پروٹیکشن فورس؛ آگ نگہبان؛ جنگل بیٹ افسر؛ جنگلات کے تحفظ کے افسر؛ جنگل ماحولیاتی نظام ٹیکنیشن؛ جنگل ماسٹر؛ فاریسٹ آفیسر؛ جنگل کے گشت کرنے والا؛ فارسٹ رینج آفیسر؛ فارسٹ سیکشن آفیسر؛ فاریسٹ وارڈن؛ جنگل پر نگاہ رکھنے والا؛ جنگلات کا ایجنٹ؛ جنگلات میں ٹیکنیشن؛ فرنٹ لائن اسٹاف؛ گیم آفیسر؛ کھیل ہی کھیل میں چوکیدار؛ گیم کیپر؛ گارڈ؛ گارڈ مانیٹر؛ سرپرست؛ آنریری وارڈن؛ دیسی لینڈ رینجرز؛ دیسی بحیرہ رینجرز؛ انسپکٹر؛ تشریحی رینجر؛ لینڈ رینجرز؛ آبائی رینجر؛ قدرتی ماحولیاتی ایجنٹ؛ قدرتی سفیر؛ فطرت گارڈین؛ نیچر پارک رینجر؛ پانی اور جنگلات کے نان کمیشننگ آفیسر پارک ترجمان پارک قدرتی ماہر؛ پارکس اور وائلڈ لائف اسسٹنٹ؛ پارکس اور وائلڈ لائف آفیسر؛ گشت کرنے والا؛ پلاٹون کمانڈر؛ پروپرائٹر؛ تحفظ یافتہ ایریا نیشنل پولیس ریسرجسٹ؛ ریڈیو آپریٹر؛ رینج کنزرویشنسٹ؛ رینج فارسٹ آفیسر؛ انچارج کی حد؛ رینج آفیسر؛ رینجر کارپورل؛ چارج میں رینجر؛ رینجر نیچرلسٹ؛ رینجر سارجنٹ؛ رینجر ٹیم لیڈر؛ محقق؛ ریزرو گارڈ؛ ریسورس مینجمنٹ اسپیشلسٹ؛ وسائل گارڈ؛ دیہی ایجنٹ؛ سی رینجرز؛ سیکشن رینجر؛ سیکیورٹی اور نگرانی کا ایجنٹ۔ سینئر فیلڈ سپروائزر؛ سینئر رینجر؛ اسٹیٹ انسپکٹر؛ سپروائزر؛ سپورٹ پارک رینجر؛ تکنیکی معاونین؛ ٹیکنیشن؛ ٹریکر؛ رضاکارانہ پارک رینجر؛ چوکیدار؛ چوکیدار؛ وائلڈ لائف کنزرویشنسٹ؛ وائلڈ لائف کیپر؛ وائلڈ لائف مانیٹر؛ وائلڈ لائف گشت کنندہ؛ وائلڈ لائف پولیس آفیسر؛ وائلڈ لائف محقق؛ وائلڈ لائف نگاہ




US Park Ranger and screech owl, USA © Richard Siggins

Cover photos (clockwise from top left): Rangers on a SMART training exercise, Philippines © James Slade/ GWC; Marine rangers in Ponta do Ouro Partial Marine Reserve, Mozambique © Peace Parks Foundation; Ranger in Copo National Park, Argentina © Jason Houston / WWF-US; Anti-poaching rangers, Cameroon © Adam Smith/ ZSL; Monitoring new mangrove growth, Indonesia © James Slade/ GWC

Ranger Code of Conduct developed by International Ranger Federation with support from:

URSA
UNIVERSAL RANGER SUPPORT ALLIANCE

ursa4rangers.org

INTERNATIONAL RANGER FEDERATION

internationalrangers.org

GLOBAL WILDLIFE CONSERVATION

globalwildlife.org

WWF

panda.org

FAUNA & FLORA INTERNATIONAL

fauna-flora.org

IUCN WCPA WORLD COMMISSION ON PROTECTED AREAS

iucn.org/commissions/world-commission-protected-areas

ZSL LET'S WORK FOR WILDLIFE

zsl.org

PANTHERA

panthera.org

FORCE FOR NATURE

forcefornature.org